نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے لکی ڈرا میں آخری بار توسیع

کاشتکار اپنے ذمہ واجب الادا رقم 15 مئی 2026 تک جمع کرائیں اور لکی ڈرا کے ذریعے بیش قیمت انعامات پائیں۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:**11** مئی **2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے تیسرے مرحلے کے بل کی ادائیگی کا عمل جاری ہے۔کاشتکار اپنے ذمہ واجب الادا کسان کارڈ کے بل کی 15 مئی 2026 تک ادائیگی یقینی بنائیں اور بذریعہ قرعہ اندازی بیش قیمت انعامات جیتنے کا موقع پائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے بل کی ادائیگی کے بعد 24 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو اگلے بلاسود زرعی قرضہ کی رقم اُن کے کسان کارڈ میں کریڈیٹ کردی جاتی ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی اس سے قبل ادائیگی کی تاریخ 10 مئی مقرر تھی جس میں آخری بار 15 مئی 2026 تک توسیع کر دی گئی ہے

☆☆☆☆